© rasailojaraid.com

پیچھے نہیں ہیں، لیکن ضروری نہیں کہ درشتی کا جواب درشتی سے دیا جائے جو لوگ درحقیقت مسلمانوں کو صحیح راستہ دکھانا چاہتے ہیں ان کے لیے لازم ہے کہ نہایت متین لہجہ اختیار کریں، تاکہ مسلمان ٹھنڈے دل سے تصویر کے دونوں رخ دیکھ کر رائے قائم کر سکیں۔

دونوں رسالے ۲ر کے ٹکٹ بھیج کر مہتمم دائرۃ الارشاد، چوک بابا اٹل امرت سر سے منگائے جا سکتے ہیں۔

اسلام اور مرزائیت | تالیف مولوی عتیق الرحمٰن صاحب آروی۔ ضخامت ۳۲ صفحات قیمت ۲ر ملنے کا پتہ: مولوی عتیق احمد صاحب صدیقی مدیر قاسم العلوم۔ دیوبند۔

اس مختصر رسالہ میں مؤلف نے ایک طرف اسلام کے اصلی عقائد قرآن و حدیث سے جمع کئے ہیں۔ اور دوسری طرف قادیانی عقائد خود مرزا صاحب اور ان کے خلیفہ اور اکابر طائفہ کی تحریروں سے فراہم کر دیے ہیں، تاکہ دونوں کا تقابل کر کے ہر طالب حق خود فیصلہ کرے کہ اسلام اور قادیانیت میں اصولاً کتنا بڑا فرق ہے، اور قادیانیت کو اسلام کا ایک فرقہ سمجھنا کہاں تک حق بجانب ہو سکتا ہے۔

سرکار کا دربار | تالیف مولوی الیاس احمد صاحب مجیبی۔ ضخامت ۱۲۸ صفحات۔ قیمت ۸ر ملنے کا پتہ:- مکتبہ جامعہ دہلی۔

سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پاک بہت سہل اور میٹھی زبان میں بچوں کے لیے لکھی گئی ہے، اور ایسا انداز بیان اختیار کیا گیا ہے جس سے بچوں کے دل پر سرکار اور یاران سرکار کی عظمت کا نقش بیٹھ جاتا ہے۔ ضرورت ہے کہ یہ کتاب ہر مسلمان بچے کو پڑھائی جائے۔

نبوت اور نبی | یہ وہ خطبہ ہے جو ڈاکٹر سید ظفر الحسن صاحب استاد فلسفہ، مسلم یونیورسٹی علیگڈھ نے یوم النبی کی تقریب پر یونیورسٹی کی مجلس اسلامیات کے سامنے پڑھا تھا۔ یہ دیکھ کر نہایت مسرت ہوئی کہ ہماری یونیورسٹی میں جو شخص فلسفہ کا پروفیسر ہے وہ ایک سچا اور صحیح العقیدہ مسلمان ہے، اور اپنے علم کو دہریت و الحاد کے بجائے ایمان باللہ و ایمان بالرسول کی خدمت میں استعمال کرتا ہے۔ فاضل خطیب نے اس مختصر سے خطبہ میں

© rasailojaraid.com